بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

مراسلہ نمبر- 717-رجسٹریشن

ترمیم شدہ نوٹیفکیشن

مورخہ 10 اکتوبر 2026ء

(ریگولر طلباء/طالبات)

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات الحاق شدہ لاہور بورڈ

عنوان:- **ترمیم شدہ آن لائن رجسٹریشن/داخلہ شیڈول ریگولر طلباء/طالبات برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2026 تا 2028ء**

تمام متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئر پرسن (PBCC) کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن مورخہ 09-10-2026 کو مدنظر رکھتے ہوئے ریگولر طلباء/طالبات برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2026 تا 2028ء کی آن لائن رجسٹریشن/داخلہ کا درج ذیل ترمیم شدہ شیڈول جاری کیا گیا ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری اور بینک میں فیس جمع کروانے کی حتمی تواریخ (فیس آن لائن بینک چالان Registration Category پر ہی جمع کروائیں)۔ (Other Category) پر جمع کروائی گئی رجسٹریشن فیس اور مینوئل چالان قابل قبول نہ ہوگا
(i)	رجسٹریشن/داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) بغیر لیٹ فیس	21 اگست 2026ء تا 12 اکتوبر 2026ء
(ii)	-/600روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ گیارہویں جماعت (Class-XI) میں رجسٹریشن / داخلہ (لیٹ فیس بورڈ کو واجب الادا ہوگی)	13 اکتوبر 2026ء تا 27 اکتوبر 2026ء
(iii)	ادارہ جات میں درج بالا شق نمبر (i) اور (ii) کے مطابق داخل کیے گئے طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن ہمراہ مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ اور یومیہ جرمانہ مبلغ -/600روپے فی گروپ/PER BATCH کے ساتھ آن لائن کرنے کا معاملہ	ایسے طلباء/طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی نہ ہی BATCH بن سکے تو ان طلباء/طالبات کی رجسٹریشن اصل مروجہ فیس فی طالب علم / طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/600روپے PER BATCH/ GROUP کے ساتھ انٹرمیڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحان 2027 کے امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کی تین گنا فیس (Tripple Fee) کی آخری تاریخ تک آن لائن کی جا سکتی ہے۔

نوٹ:۔ درج بالا تواریخ کے بعد کسی بھی ادارہ کو داخلہ/رجسٹریشن کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔ واضح رہے کہ ترمیم شدہ شیڈول کے تحت صرف تواریخ میں توسیع کی گئی ہے۔ سربراہان ادارہ جات رجسٹریشن فیس و دیگر قوائد و ضوابط پر قبل ازیں جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر 700۔رجسٹریشن مورخہ 20-08-2026 کے مطابق عمل درآمد فرمائیں۔

ڈپٹی سیکرٹری (رجسٹریشن)

برائے سیکرٹری